Bimonthly Newsletter of Gas & Oil Pakistan Ltd.

# go in action

Issue - 5 | Sep - Oct 2025 - LVII




*Every journey demands strength. Every engine demands protection.*
*Choose GO Extreme, because tough rides need tougher oil.*

## In this Issue


- IBA Karachi Honors Mr. Tariq Kirmani at Alumni Excellence Awards 2024 — 2
- Valuing Every Member of the GO Family — 2
- Talha Khan Gimmi, ACA Appointed to ICAP Economic Advisory Committee — 2
- Talha Waheed Wins Senior Doublesq — 2
- Representation at the Scaling Up Pakistan's Economy Conference — 2
- GO Powers the Pakistan Cricket Board with Reliable Energy Solutions — 3
- Cash Card Activity at Nestlé Pakistan — 3
- GO Partners with Pakistan Ordnance Factories — 3
- GO Begins Fuel Supplies to Sia Diq Mining Project — 3
- Corporates Join GO's B2B Digital Platform for Bulk Fuel Supplies — 3
- GO's Commitment to Operational Safety & Excellence — 4
- GO to Provide Fuel Card to Fatima Group — 5
- GO Leads Water Accessibility Projects in KPK & Sindh — 6
- Joiners and Leavers — 6


SALES & MARKETING

# Highest Ever Premium Fuel Volume Dispensed by COCO Network - Active Selling


Through Active Selling at GO COCO Network, Premium fuel sales in the month of Sep 2025 have been recorded as the highest ever, i.e., 4,547 Kls. This makes it a remarkable achievement, and this happened because of the dedicated efforts from the Forecourt Crew and Station Management. The Forecourt Crew guided customers on the benefits of Premium Fuel and its efficiency and converted them to GO's premium fuel. Station Management along with AM COCOs regularly trained and guided the Forecourt Crew Members and kept them motivated. A big shout out to all these HEROES.

The support extended by Operations, Supply, Logistic, Network Standards paved the way for this remarkable achievement.

# ONE MILLION LTR - Historical Achievement

The COCO Network has achieved a historic milestone by dispensing 1,032 KL in 24 hours (secondary sales) a record-breaking moment since the commissioning of our first COCO Station in Pakistan. This achievement marks a major step forward in our journey to expand the COCO Network and reflects the strong trust and confidence our customers continue to place in us.

This remarkable achievement is the result of untiring efforts and committed service from our frontline soldiers - Forecourt Crew Members, Station Managers, and their respective Team. To turn this dream into reality we are thankful to our Sales & Marketing Team, Supply, Operations, Logistics, HR, RD, Engineering team. COCO team is indebted to Leadership Team for their trust, consistent feedback and support that gave us the courage to make this possible.




**Gas & Oil Pakistan Ltd. (GO)**
**Corporate Office:** *23-T, Gulberg II, Lahore, Pakistan. UAN: (+92 42) 111 46 46 46*
**Karachi Regional Office:** *Suite # 209, 2nd Floor, Park Towers, Clifton, Karachi, Pakistan. Tel: (+92 21) 35290201-4*
**Multan Regional Office:** *H-5, Faisal Street, Near Gulzar Hospital, Bosan Road, Multan, Pakistan. Tel: (+92 61) 6218821*
***www.gno.com.pk***
*For queries/feedback, please write to us on: salman.fazli@gno.com.pk*

# IBA Karachi Honors Mr. Tariq Kirmani at Alumni Excellence Awards 2024

IBA Karachi hosted the Alumni Excellence Awards 2024, a prestigious celebration recognizing the outstanding achievements of its alumni across a wide range of professional fields.

Among the distinguished honorees was Mr. Tariq Kirmani (Class of 1968), Chairman of Gas & Oil Pakistan Ltd. (GO) and Pakistan Refinery Limited (PRL), who was presented with the

*Continued on page 6*




# Valuing Every Member of the GO Family



A heartfelt moment featuring Chairman Tariq Kirmani with the dedicated individuals who provide essential personal support and daily care. At GO, we believe every role from the frontline to personal staff is vital. This image celebrates the long-standing commitment and mutual respect that forms the foundation of our inclusive organizational culture, ensuring everyone is seen and valued.

# Talha Khan Gimmi, ACA Appointed to ICAP Economic Advisory Committee



We are pleased to share that Talha Khan Gimmi, Senior Manager Business Finance, has been appointed as a member of the ICAP Economic Advisory Committee. This committee advises the federal government on key economic policy areas and is considered one of the most prestigious within the Chartered Accountants fraternity. With 15 years of diversified experience, Talha began his career at PwC, followed by a few years in the Saudi financial sector, and more recently with a US Nasdaq-listed company, where he helped secure multimillion-dollar contracts. On the technology side, he is a Certified SAP Technology Consultant and Certified SAP Business Analyst. Talha is committed to maximizing his contribution to the company's governance and transformation initiatives.

# Talha Waheed Wins Senior Doubles

Talha Waheed Brand Ambassador, GO won senior doubles along with his partner Qasim Ali in the 5th Chairman POF Board National ranking Tennis Tournament 2025.

Talha Waheed also received a special prize from the Chief Guest Maj. Gen. Muhammad Kashif Azad, Hilal-e-Military, Director Commercial POF, in recognition of his Guinness World Record in Tennis.



# Representation at the Scaling Up Pakistan's Economy Conference

Under the direction of leadership, Talha Khan Gimmi, Senior Manager Business Finance, represented the company at the Scaling Up Pakistan's Economy Conference, hosted jointly by the Islamic Chamber of Commerce and Al Baraka Bank at Marriott, Karachi. The event spotlighted Islamic banking, green financing, and the future of the Halal economy, exploring sustainable funding models and ethical trade opportunities. Al Baraka Bank CEO Atif Hanif and Group Head Farrukh Aslam thanked Talha for attending, expressing enthusiasm for continued collaboration, and planned a visit to our Lahore Head Office in the near future.



# GO Powers the Pakistan Cricket Board with Reliable Energy Solutions

go is proud to welcome the Pakistan Cricket Board (PCB) as its fueling partner through GO Cards. This strategic collaboration supports PCB's extensive travel and operational needs across domestic and international cricket events.

As the governing body of cricket in Pakistan, PCB requires reliable energy solutions to maintain seamless logistics. Through this partnership, GO will deliver consistent, high-quality fuel and efficient energy management to power their journey.



# Cash Card Activity at Nestlé Pakistan

go successfully conducted a two-day promotional activation at Nestlé Pakistan, introducing the GO Cash Card to Nestlé employees.

The initiative aimed to promote digital fuel solutions and expand GO Cash Card's customer base by engaging directly with Nestlé's workforce. Employees were provided personalized GO Cash Cards, enabling them to experience the convenience, transparency, and efficiency of cashless fueling firsthand.

This activity not only strengthened GO's relationship with a leading corporate client but also generated significant awareness and adoption for the GO Cash Card, marking another step toward smarter, more secure fueling solutions.

# GO Partners with Pakistan Ordnance Factories



Pakistan Ordnance Factories is the largest defence industrial complex under the Ministry of Defence Production, producing conventional arms & ammo to international standards. GO takes the privilege by winning the contract through a tender of one year for Fuel cards.

# GO Begins Fuel Supplies to Sia Diq Mining Project

go commenced fuel supplies to the Sia Diq Mining Project, operating under Kohistan Mining Company Limited (KMCL) - a subsidiary working in collaboration with Metallurgical Corporation of China (MCC).

This project represents one of Pakistan's most promising ventures, with substantial demand for High-Speed Diesel (HSD) to support extensive mining and infrastructure operations. The initiation of supplies marks a significant milestone; positioning GO as a trusted energy partner in powering the nation's mineral and industrial development.



The Sia Diq, Sain Diq, and Reko Diq mining projects collectively form the backbone of Pakistan's emerging mineral economy, holding immense potential for growth, employment, and national advancement. The partnership underscores GO's unwavering commitment to fueling progress in Pakistan's most strategic industrial sectors.

# Corporates Join GO's B2B Digital Platform for Bulk Fuel Supplies

**Bestway Cement**

Bestway Cement, one of Pakistan's largest and most trusted cement producers, has been successfully onboarded to GO's B2B platform for bulk fuel (road tanker) supplies. This digital integration will streamline fuel order management and delivery, ensuring greater efficiency and transparency in operations.

**PepsiCo**

PepsiCo, a global leader in the food and beverage industry, is now onboarded to GO's B2B platform for bulk fuel (road tanker) supplies. The initiative enhances operational coordination, enables real-time order visibility, and supports PepsiCo's commitment to efficiency and sustainability through technology.

**Philip Morris (Pakistan)**

Philip Morris (Pakistan) Limited, a key player in the tobacco manufacturing sector, has joined GO's B2B platform for bulk fuel (road tanker) supplies. This onboarding will simplify processes, improve delivery accuracy, and strengthen our long-standing partnership through digital innovation.

# GO's Commitment to Operational Safety & Excellence

**Warm-up To Work Exercise**

GO conducted an invigorating warm-up exercise session with Operations, Logistics, and HSE teams at Mahmoodkot. This initiative, a key component of GO's HSE program, is strategically designed to promote employee health, safety, and overall wellness in the workplace. The carefully curated exercises were specifically developed to systematically activate all major muscle groups and mobilize every key joint in the body. This essential preparatory routine aims to physically and mentally prime their workforce for the demands of the day, effectively reduce fatigue, and significantly minimize the risk of musculoskeletal strains and injuries.

The dynamic session encompassed a full-body activation, beginning with neck rotations and shoulder rolls to alleviate upper-body tension and enhance flexibility and then progressed to



*Warm-up To Work Exercise at Mahmoodkot Terminal*

targeted arm and wrist stretches, crucial for preparing employees for manual handling and lifting tasks. This was followed by torso twists and side bends to engage the core and increase spinal mobility, and knee bends to fortify the lower body. The regimen concluded with ankle rotations and calf stretches, fundamental exercises for promoting stability, supporting balance, and preventing lower-limb strain, thereby ensuring a comprehensive and effective start to the workday.

**HSE Policy Rollout Session**

GO conducted an HSE Policy Rollout Session at Mahmoodkot Terminal with the participation of the Operations, Logistics, and HSE teams. The session aimed to enhance awareness, strengthen compliance, and ensure alignment with company HSE expectations across all functions.

- HSE Policy Rollout: Reinforced company HSE commitments and management expectations.
- Emergency Preparedness: Reviewed communication flow and response actions during emergencies.



*HSE Policy Rollout Session - Mahmoodkot Terminal*

- Fire Extinguisher Inspection: Reviewing inspection, maintenance, and hydrotesting requirements.
- Tank Truck Decantation Permit: Discussed safe decantation process and permit-to-work compliance.
- Driving Safety Policy: Emphasized seatbelt use, vehicle fitness, and mobile phone restrictions.

**Fire Safety Training & HSE Compliance Review**

HSE team successfully conducted a comprehensive Compliance Review and Fire Safety Training session at the COCO Aramco Site on Madhali Road Sahiwal. The event saw active participation from site fillers and operational staff, with a focused aim to strengthen workplace safety awareness, enhance firefighting proficiency, and reinforce strict adherence to company HSE standards.



*Fire Safety Training Session & HSE Compliance review at Aramco Sahiwal*

Key theoretical components included enforcing the strict prohibition of mobile phone usage at hazardous areas such as dispensing and decanting points, implementing critical motorbike safety through the verification of spark plug covers to prevent ignition hazards, and delivering in-depth instruction on fire extinguisher types and the P.A.S.S. technique. The training culminated in a practical, hands-on demonstration where a controlled live-fire drill was conducted for new fillers. This immersive exercise allowed participants to confidently practice using extinguishers to suppress a live fire, significantly boosting their confidence and sharpening their emergency response capabilities.

**Fire Drill – Mahmoodkot Terminal**

Fire Emergency Drill was successfully conducted at Mahmoodkot Terminal, demonstrating strong preparedness and coordination among all terminal employees. The exercise aimed to evaluate emergency response readiness, teamwork, and effectiveness of fire control measures in the event of a real emergency.

The activity commenced with a comprehensive safety briefing by the GM HSE, emphasizing the importance of swift and



*Fire Drill at Mahmoodkot Terminal*

coordinated actions during emergencies. Following the briefing, a dummy fire scenario was created at the filling gantry, where the emergency response team promptly activated fire monitors and deployed foam blanketing operations. The team efficiently executed a three-sided attack strategy, successfully extinguishing the simulated fire in a controlled and safe manner.

### Driver's Safety Meeting at Sahiwal Depot

HSE team recently conducted a comprehensive driving safety awareness session at the Sahiwal Depot, engaging directly with our drivers. The primary objective was to reinforce critical safe driving practices and ensure strict compliance with HSE standards, with a particular focus on the unique responsibilities associated with fuel transport operations. The session underscored fundamental protocols, including the mandatory use of seat belts for all occupants, strict adherence to speed limits on highways and within the depot premises, and the essential prohibition of mobile phone use and smoking while driving. Furthermore, the importance of scheduled rest breaks to combat driver fatigue and the application of defensive driving techniques to proactively mitigate risks were key areas of emphasis.


*HSE Policy Rollout Session - Mahmoodkot Terminal*

To ensure vehicle readiness and operational safety, the training also detailed essential pre-journey inspection procedures. Drivers were reminded to conduct thorough checks of vital components, including tyres, brakes, steering, mirrors, lights, and indicators. The session also mandated the verification of all emergency and safety equipment, such as fire extinguishers and first-aid kits, and confirmed the proper functioning of ancillary systems like horns and wipers. This holistic approach aims to foster a culture of unwavering safety consciousness and meticulous pre-emptive checks, thereby enhancing overall road safety for our personnel and the public.

### Internal Safety Trainings

Safety Training sessions were conducted for Kotla Jam Depot & Sarai Naurang Depot. These Safety training sessions were attended by Operations, Logistics, QA and Security teams of the respective locations.


*Post Mock Drill - Safety talk - KJM*

A HSE Training Session was conducted for Kotla Jam Depot staff including Operations, Logistics, QA and Security attended the training session.

### Depot Staff Internal Safety & Compliance

HSE Training Session was conducted for Sarai Naurang Depot staff including Operations, Logistics, QA and Security attended the training session


*Safety Training Session – Kotla Jam Depot*

At Kotla Jam Depot, the following Topics/SOP were covered during this training session.

1. Loss Prevention System
2. Cooling time of hot work before filling of TL (SOP)
3. Operations Safety KPIs and performance Review-2025

### At Retail Outlets:

Internal Safety Training sessions for forecourt staff were conducted by HSE for 25 Retail stations including Aramco, COCO & DODO outlets. Focus of the trainings was on,

1. Importance of HSE & Compliance with Safety instructions for safe Retail sales operations


*Safety Trainings – Aramco-29, Sargodha*

2. Safe Decantation procedures for Tank Lorries
3. Safe Refueling of 2 & 3 wheelers.
4. Fire Fighting & Emergency Response Plan

### Zone Managers Dedicated Safety Training Session

Dedicated HSE training session was conducted for Zone Managers of Peshawar Region. The sessions focused on explaining the importance of HSE Policies and SOPs for safe sales operations, Forecourt staff trainings, Risk Assessments of COCO and DODO Retail Outlets and the critical role of Zone managers in ensuring compliance.


*Aramco-41, Charsadda*

## SALES & MARKETING

# GO to Provide Fuel Card to Fatima Group

Fatima Group one of Pakistan's leading industrial conglomerates and a top-tier fertilizer producer - has chosen GO as its exclusive fuel partner to support its extensive logistics operations across the country.



This collaboration marks a significant milestone in strengthening GO's position as the preferred energy partner for a major company in Pakistan's fertilizer sector. The partnership reflects the shared vision of both organizations to drive operational efficiency, sustainability, and digital transformation through secure, cashless fueling solutions.

# GO Leads Water Accessibility Projects in KPK & Sindh

go CSR has consistently been playing a vital role in serving the people of Pakistan through impactful and sustainable initiatives. As part of its commitment to public welfare, GO CSR has launched dedicated projects focused on Water Conservation and Purification in two key regions: Sarai Naurang (Khyber Pakhtunkhwa) and Daulatpur (Sindh).

**In Sarai Naurang, the initiative includes:**

- Installation of 20 Hand Pumps to provide clean water access in underserved communities.
- Provision of 19 Electric Water Coolers in various local Madrassas and Schools, for safe and cold drinking water to students, faculty and the public.
- Installation of 12 Pressure Pumps in areas facing acute water shortages to address immediate needs of the population.

**In Daulatpur, GO CSR is working on:**

- Installation of Hand Pumps at four different locations to support communities lacking water sources.
- Construction of two large-scale RO (Reverse Osmosis) Water Filtration Plants, which are already underway. These filtration plants will provide purified water to hundreds of residents. The construction is expected to be completed by November 2025, ensuring the full functionality of the systems.







These efforts reflect GO CSR's strong commitment to creating sustainable solutions for water accessibility in remote and high-need areas of Pakistan. By empowering communities with reliable water sources, GO CSR is actively contributing to public health, education, and environmental resilience.

## IBA Karachi Honors Mr. Tariq Kirmani at Alumni Excellence Awards 2024

*Continued from page 2*

IBA Distinction Award. This honor acknowledges his decades of exemplary service, visionary leadership, enduring contributions to national development, and his unwavering dedication to IBA's legacy.

GO proudly acknowledges and congratulates Mr. Tariq Kirmani on receiving this esteemed recognition.

The evening stood as a testament to the lasting impact and influence of IBA Karachi's alumni, serving to inspire future generations to uphold and advance the institute's proud tradition of excellence.



**Joiners**

| Sr.No. | Name | Designation |
|---|---|---|
| 1. | Zahid Mohiuddin Zuberi | Chief Financial Officer |
| 2. | Ammar Ahmed | DGM-Human Resources Business Partner |
| 3. | Muhammad Affan Akram Malik | DGM - Channel & Operational Excellence |
| 4. | Suleman Ilyas | Manager-Payment Platform & Network Development |
| 5. | Nauman Siddique | Manager-HSE (Transport & Operations) |
| 6. | Muhammad Faisal | Assistant Manager-Sales & Marketing |
| 7. | Afifa Hareem Zafar | Assistant Manager-Learning & Development |
| 8. | Hafeez Ur Rehman Khan | Assistant Manager-Operations |
| 9. | Saif Ali | Assistant Manager-HSE |
| 10. | Shah Alam | Assistant Manager-Sales & Marketing |
| 11. | Abdullah Ehsan Elahi | Executive-Supply |
| 12. | Muhammad Waleed Khan | Executive - Retail Development |
| 13. | Muhammad Ahmad | Officer-Back Office COCO |
| 14. | Muhammad Ubaid Khan | Officer-Retail Development |
| 15. | Muhammad Danial | Officer-Back Office |
| 16. | Attaullah | Officer-Operations |
| 17. | Syeda Kainat Fatima | Officer-Back Office-Sales & Marketing |
| 18. | Shahnawaz Khan | Officer-Management Trainee |
| 19. | Imran Ali | Officer-Management Trainee |
| 20. | Najam Ul Noor | Officer-Management Trainee |

**Outgoing Team Members**

| Sr.No. | Name | Designation |
|---|---|---|
| 1. | Saima Akbar Khattak | Chief Legal Compliance & Company Secretary |
| 2. | Humayun Irshad | Senior Manager-HR |
| 3. | Inzamam Ul Haq | Manager-Retail Engineering |
| 4. | Muhammad Haroon Yousaf | Assistant Manager-Budgeting |
| 5. | Muhammad Bilal Rauf | Executive-Sales & Marketing |
| 6. | Maryam Mastoor Anwar | Executive-Secretary |
| 7. | Laiba Ali | Officer-COCO |
| 8. | Muhammad Awais Jamro | Officer-COCO |
| 9. | Sheikh Kashif Zaheer | Office-Fleet Tracking |
| 10. | Muhammad Ahmad | Officer-Management Trainee |
| 11. | Muhammad Danial | Officer-Management Trainee |
| 12. | Muhammad Ubaid Khan | Officer-Management Trainee |
| 13. | Muhammad Wassay Malik | Officer-Management Trainee |
| 14. | Usman Shafqat Farooqi | Officer-Management Trainee |
| 15. | Zebyan Azeem | Officer-Management Trainee |
| 16. | Syeda Kainat Fatima | Officer-Management Trainee |

# خیبر پختونخوا اور سندھ میں پانی کی دستیابی کے منصوبوں کی قیادت

GO اپنے سی ایس آر اقدامات کے تحت بامعنی اور پائیدار اقدامات کے ذریعے پاکستان کے لوگوں کی خدمت کرنے میں تسلسل کے ساتھ اہم کردار کررہا ہے۔عوامی فلاح وبہبود کیلئے عزم کے حصہ کے طور پر GO نے سی ایس آر کے تحت سرائے نورنگ (خیبر پختونخوا) اور دولت پور (سندھ) میں پانی بچانے اور جراثیموں سے پاک کرنے کے منصوبوں کا آغاز کیا۔

**سرائے نورنگ میں اقدامات درج ذیل شامل ہیں:**

پسماندہ طبقات میں پینے کے صاف پانی تک رسائی کیلئے 20 ہنڈ پمپس کی تنصیب

طالب علموں، فِکلٹی اور عوام کیلئے پینے کے محفوظ اور ٹھنڈے پانی کی فراہمی کیلئے متعدد مقامی مدرسوں اور اسکولوں میں 19 الیکٹرک واٹر کولر کی فراہمی۔

پانی کی شدید قلت والے علاقوں میں فوری ضروریات کو پورا کرنے کے لیے 12 پریشر پمپس کی تنصیب۔

**دولت پور میں GO مندرجہ ذیل پر کام کررہا ہے**






پانی کی شدید قلت کا شکار طبقات کی معاونت کیلئے چار مختلف مقامات پر ہنڈ پمپس کی تنصیب۔ دو بڑے آر او (ریورس اوسموس) واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تعمیر جن پر کام جاری ہے۔ ان فلٹریشن پلانٹس سے سینکڑوں رہائشیوں کو پینے کا صاف پانی ملے گا۔تعمیر نومبر 2025 تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔




یہ اقدامات GO کی اپنے سی ایس آر اقدامات کے تحت پاکستان کے دور دراز اور زیادہ ضرورت والے علاقوں میں پانی تک رسائی کے لیے پائیدار حل فراہم کرنے کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ کمیونٹیز کو پانی کے قابلِ اعتماد ذرائع فراہم کر کے GO صحتِ عامہ، تعلیم اور ماحولیاتی پائیداری میں فعال طور پر حصہ لے رہا ہے۔

## آئی بی اے کراچی کی جانب سے المنائی طارق کرمانی صاحب کو ایکسلینس ایوارڈ 2024 سے نوازا گیا

صفحہ نمبر 11 سے پیوستہ

دہائیوں پر مشتمل مثالی خدمات، بصیرت افروز قیادت، قومی ترقی کیلئے کردار اور آئی بی اے کی میراث کیلئے غیر متزلزل عزم کا اعتراف ہے۔

GO جناب طارق کرمانی کو معتبر اعزاز کے حصول پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔

یہ شام آئی بی اے کراچی کے سابق طلبہ کے دیرپا اثر و رسوخ کی عکاس تھی جو آنے والی نسلوں کے لیے ایک تحریک بنی کہ وہ ادارے کی شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے مزید آگے بڑھائیں۔

### نئی تقرریاں

| نمبر شمار | ملازمین کے نام | عہدہ |
|---|---|---|
| .1 | زاہد محی الدین زبیری | چیف فنانشل آفیسر |
| .2 | عمار احمد | ڈی جی ایم۔ہیومن ریسورسز بزنس پارٹنر |
| .3 | محمد عفان اکرم ملک | ڈی جی ایم۔چینل اینڈ آپریشنل ایکس لینس |
| .4 | سلیمان الیاس | منیجر۔پیمنٹ پلیٹ فارم اینڈ نیٹ ورک ڈویلپمنٹ |
| .5 | نعمان صدیقی | منیجر۔ایچ ایس ای (ٹرانسپورٹ اینڈ آپریشنز) |
| .6 | محمد فیصل | اسسٹنٹ منیجر۔سیلز اینڈ مارکیٹنگ |
| .7 | عفیفہ حریم ظفر | اسسٹنٹ منیجر۔لرننگ اینڈ ڈویلپمنٹ |
| .8 | حفیظ الرحمن خان | اسسٹنٹ منیجر۔آپریشنز |
| .9 | سیف علی | اسسٹنٹ منیجر۔ایچ ایس ای |
| .10 | شاہ عالم | اسسٹنٹ منیجر۔سیلز اینڈ مارکیٹنگ |
| .11 | عبداللہ احسان الہیٰ | ایگزیکٹو۔سپلائی |
| .12 | محمد ولید خان | ایگزیکٹو۔ریٹیل ڈویلمپنٹ |
| .13 | محمد احمد | آفیسر۔بیک آفس COCO |
| .14 | محمد عبید خان | آفیسر۔ریٹیل ڈویلپمنٹ |
| .15 | محمد دانیال | آفیسر۔بیک آفس |
| .16 | عطااللہ | آفیسر۔آپریشنز |
| .17 | سیدہ کائنات فاطمہ | آفیسر۔بیک آفس۔سیلز اینڈ مارکیٹنگ |
| .18 | شاہنواز خان | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |
| .19 | عمران علی | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |
| .20 | نجم النور | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |

### جانے والے ملازمین

| نمبر شمار | ملازمین کے نام | عہدہ |
|---|---|---|
| 1 | صائمہ اکبر خٹک | چیف لیگل کمپلائنس اینڈ کمپنی سیکرٹری |
| .2 | ہمایوں ارشاد | سینئر منیجر۔ایچ آر |
| .3 | انضمام الحق | منیجر۔ریٹیل انجیئرنگ |
| .4 | محمد ہارون یوسف | اسسٹنٹ منیجر۔بجٹنگ |
| .5 | محمد بلال رؤف | ایگزیکٹو۔سیلز اینڈ مارکیٹنگ |
| .6 | مریم مستور انور | ایگزیکٹو۔سیکرٹری |
| .7 | لائبہ علی | آفیسر۔ COCO |
| .8 | محمد اویس جامرو | آفیسر۔ COCO |
| .9 | شیخ کاشف ظہیر | آفیسر۔فلیٹ ٹریکنگ |
| .10 | محمد احمد | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |
| .11 | محمد دانیال | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |
| .12 | محمد عبید خان | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |
| .13 | محمد واسع ملک | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |
| .14 | عثمان شفقت فاروقی | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |
| .15 | زبیان عظیم | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |
| .16 | سیدہ کائنات فاطمہ | آفیسر۔مینجمنٹ ٹرینی |

# ایچ ایس ای

استعمال اورسگریٹ نوشی کی سخت ممانعت شامل تھی۔اس کے علاوہ ڈرائیور کی تھکن کو کم کرنے کے لیے مقررہ وقفوں پر آرام کرنے کی اہمیت اور خطرات کو فعال طور پر کم کرنے کے لیے دفاعی ڈرائیونگ تکنیکوں کے استعمال پر بھی زور دیا گیا۔
سفر کیلئے گاڑی کی تیاری اور آپریشنل سیفٹی کو یقینی بنانے کیلئے تربیت میں سفر کے آغاز سے قبل تفصیلی جائزہ پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ڈرائیوروں کو گاڑی کے اہم جزو ٹائرز، بریکس، اسٹیرنگ، مررز، لائٹس اور انڈی کیٹرز کو تفصیل سے چیک کرنے کی یاددہانی کرائی گئی۔



محمودکوٹ ٹرمینل۔ایچ ایس ای پالیسی کے نفاذ کا سیشن

اس سیشن میں تمام ہنگامی اور حفاظتی آلات کی جانچ کی بھی ضرورت پر زور دیا گیا جیسے آگ بجھانے والے آلات، فرسٹ ایڈکٹس اور ہارن اور وائپرز کی صحیح کارکردگی کی تصدیق کی گئی۔
جس کا مقصد مستقل حفاظتی شعور اور محتاط پیشگی جانچ کے کلچر کو فروغ دینا ہے جس سے ہمارے عملے اور عوام کے لیے مجموعی طور پر سڑک کی حفاظت میں بہتری آتی ہے۔

### انٹرنل سیفٹی ٹریننگ

کوٹلہ جام ڈپو اور سرائے نورنگ ڈپو کے عملے کیلئے سیفٹی ٹریننگ کے سیشنز منعقد کئے گئے۔ آپریشنز، لاجسٹکس، کوالٹی اشورنس اور سیکورٹی ٹیموں نے ٹریننگ میں شرکت کی۔
کوٹلہ جام ڈپو کیلئے ایچ ایس ای تربیتی سیشن منعقد کیا گیا جس میں آپریشنز، لاجسٹکس، کوالٹی اشورنس اور سیکورٹی ٹیموں نے شرکت کی۔

### ڈپو عملے کی اندرونی حفاظت اور تعمیل

سرائے نورنگ ڈپو کیلئے ایچ ایس ای تربیتی سیشن منعقد کیا گیا جس میں آپریشنز، لاجسٹکس، کوالٹی اشورنس اور سیکورٹی ٹیموں نے شرکت کی۔



کوٹلہ جام ڈپو۔فرضی مشق کے بعد سیفٹی پر بات چیت

کوٹلہ جام ڈپو میں تربیتی سیشن کے دوران مندرجہ ذیل موضوعات کا احاطہ کیا گیا۔

1۔ نقصان سے بچاؤ کا نظام
2۔ٹی ایل (ایس او پی) کی فلنگ سے پہلے حدت والے کام کا ٹھنڈے ہونے کا وقت۔
3۔آپریشنز سیفٹی کی کے پی آئیز اور کارکردگی کا جائزہ برائے 2025



کوٹلہ جام ڈپو۔سیفٹی ٹریننگ سیشن

### ریٹیل آؤٹ لیٹس

ایچ ایس ای کی طرف سے 25 ریٹیل اسٹیشنز بشمول آرامکو، COCO اور ڈی اوڈی او آؤٹ لیٹس کیلئے فورکورٹ عملے کیلئے اندورنی سیفٹی تربیت کا انعقاد کیا گیا جس میں مندرجہ ذیل پر تربیت فراہم کی گئی۔



سرگردھا۔آرامکو۔29۔سیفٹی ٹریننگ

1۔ اور ریٹیل کے محفوظ سیلز آپریشنز کیلئے حفاظتی ہدایات کے ساتھ ایچ ایس اور اس پر عمل درآمد کی اہمیت
2۔ ٹینک لاریوں کیلئے فیول کی محفوظ منتقلی کا طریقہ
3۔ 2 اور 3 وہیلرز کیلئے محفوظ فیولنگ
4۔ آگ بجھانے اور ایمرجنسی رسپانس پلان

### زون منیجرز کیلئے مخصوص سیفٹی تربیتی سیشن

پشاور ریجن میں زون منیجرز کیلئے ایچ ایس ای تربیتی سیشن منعقد کیا گیا۔سیشن میں محفوظ سیلز آپریشنز، فورکورٹ عملے کی تربیت، COCO اور ڈی اوڈی او ریٹیل آؤٹ لیٹس کے خطرات کا جائزہ اور



چارسدہ۔آرامکو۔41

تعمیل کو یقینی بنانے کیلئے زون منیجرز کے اہم کردار کیلئے ایچ ایس ای کی پالیسیوں اور ایس او پیز کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی۔

# سیلز اینڈ مارکیٹنگ

## فاطمہ گروپ کو فیول کارڈ کی فراہمی

فاطمہ گروپ پاکستان کا بڑا صنعتی گروپ اور کھاد تیار کرنے والا صف اول کا ادارہ ہے، جنہوں نے ملک بھر میں اپنے لاجسٹکس آپریشنز کیلئے GO کو فیول پارٹنر کی حیثیت سے منتخب کیا ہے۔
یہ اشتراک پاکستان کے فرٹیلائز کے شعبے میں ایک بڑی کمپنی کیلئے ترجیحی انرجی شراکت دار کی



حیثیت سے GO کی پوزیشن کو مضبوط بنانے میں ایک نمایاں سنگ میل ہے۔ یہ شراکت داری دونوں اداروں کی محفوظ اور کیش لیس فیولنگ حل کے ذریعے آپریشنل قابلیت، پائیداری اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کیلئے مشترکہ وژن کا عکاس ہے۔

# پیشہ ورانہ حفاظت اور اعلیٰ کارکردگی کیلئے GO کا عزم

### کام سے پہلے وارم اپ ایکسرسائز

GO نے محمود کوٹ میں آپریشنز، لاجسٹکس اور ایچ ایس ای ٹیموں کے ساتھ وارم اپ ایکسرسائز کے سیشن کا انعقاد کیا۔ یہ اقدام GO کے ایچ ایس ای پروگرام کا ایک اہم جزو ہے جو کام کی جگہ پر ملازمین کی صحت وتندرستی اور حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ یہ ورزشیں جسم کے تمام پٹھوں اور جوڑوں کو خاص طور پر متحرک رکھنے کیلئے احتیاط کے ساتھ تیار کی گئیں۔ اس کا مقصد ملازمین کو جسمانی اور ذہنی طور پر دن کے کام کے تقاضوں کے لیے تیار کرنا ہے ۔اس سے نہ صرف تھکن میں موثر کمی آتی ہے بلکہ پٹھوں اور جوڑوں میں کھنچاؤ یا چوٹ لگنے کے خطرات کو بھی نمایاں طور پر کم کیا جا سکتا ہے۔

سیشن کا آغاز متحرک ورزش سے ہوا جس میں سب سے پہلے گردن کو گھمانے اور کندھوں کی رولنگ کی گئی تاکہ جسم کے بالائی حصہ میں تناؤ کم ہو اور لچک میں اضافہ ہو۔ اس کے بعد بازوؤں اور کلائیوں کو مخصوص انداز سے کھینچا گیا جو ملازمین کو دستی کام اور وزن اٹھانے جیسی سرگرمیوں کے لیے تیار کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اگلے مرحلے میں کمر کے مڑنے اور سائیڈ بینڈز کے ذریعے اہم



محمود کوٹ ٹرمینل۔ وارم اپ ایکسرسائز

پٹھوں کو متحرک کیا گیا اور ریڑھ کی ہڈی کی حرکت کی صلاحیت کو بڑھایا گیا جبکہ گھٹنوں کے موڑنے کی مشقوں نے نچلے جسم کو مضبوط بنایا۔ سیشن کا اختتام ٹخنوں کو گھمانے اور پنڈلیوں کے کھینچنے سے ہوا، جو توازن، استحکام اور نچلے اعضا کی چوٹوں سے بچانے کے لیے بنیادی ورزشیں ہیں۔ یوں یہ سیشن دن کے آغاز کے لیے ایک جامع، متوازن اور موثر جسمانی تیاری ثابت ہوا۔

### ایچ ایس ای پالیسی کے نفاذ کا سیشن

GO نے محمود کوٹ ٹرمینل پر ایچ ایس ای پالیسی کے نفاذ کیلئے عملی سیشن کا انعقاد کیا جس میں آپریشنز، لاجسٹکس اور ایچ ایس ای ٹیموں نے حصہ لیا۔ سیشن کا مقصد پالیسی سے متعلق آگاہی کی تعمیل کو یقینی بنانا اور تمام شعبہ جات میں ایچ ایس ای کی توقعات کے مطابق ہم آہنگ بنانا تھا۔

- ایچ ایس ای پالیسی کا نفاذ: کمپنی کے ایچ ایس ای سے متعلق عزم، اقدامات اور انتظامیہ کی توقعات کو موثر بنایا گیا۔
- ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تیاری: ہنگامی صورتحال کے دوران پیغام رسانی، ردعمل اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔



محمود کوٹ ٹرمینل۔ ایچ ایس ای پالیسی کے نفاذ کا سیشن

- آگ بجھانے کے آلات کا معائنہ: موجودہ حالت، مرمت اور ہائیڈرو ٹیسٹنگ کا تجزیہ ٹینک ٹرک سے فیول منتقلی کی اجازت: فیول منتقلی کے طریقے اور عملی اقدام کی اجازت پر بات چیت کی گئی۔
- ڈرائیونگ سیفٹی پالیسی: سیٹ بیلٹ کے استعمال، گاڑی کی فٹنس کو یقینی بنانے اور دوران ڈرائیونگ فون کے استعمال پر پابندی پر زور دیا گیا۔

### فائر سیفٹی ٹریننگ اور ایچ ایس ای کی تعمیل کا جائزہ

ایچ ایس ای ٹیم نے مادھالی روڈ ساہیوال میں COCO آرامکو سائٹ پر کمپلائنس کا جائزہ اور فائر سیفٹی ٹریننگ کا سیشن منعقد کیا۔ سیشن میں سائٹ فلرز اور آپریشنل عملے نے بھرپور شرکت کی جس کا مقصد کام کی جگہ پر حفاظت کے بارے میں آگاہی کا فروغ، آگ بجھانے کی صلاحیت میں اضافہ اور کمپنی کے ایچ ایس ای معیارات پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنانا تھا۔ کلیدی نظریاتی عناصر میں خطرناک علاقوں جیسے کہ ڈسپینسنگ اور ڈیکنٹنگ پوائنٹس پر موبائل فون کے استعمال کی سختی سے ممانعت، موٹر بائیک کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے اسپارک پلگ کورز کی جانچ اور آگ بجھانے



آرامکو ساہیوال پر فائر سیفٹی ٹریننگ سیشن اور ایچ ایس ای کی تعمیل کا جائزہ

والے آلات کی اقسام اور پی اے ایس ایس تکنیک پر تفصیلی ہدایت شامل تھی۔ تربیت کا اختتام عملی مشق کے ساتھ ہوا جہاں نئے فلرز کے لیے کنٹرول شدہ لائیو فائر ڈرل کا مظاہرہ کیا گیا۔

یہ ایکسرسائز شرکا کو آگ بجھانے والے آلات استعمال کر کے لائیو آگ بجھانے کی با اعتماد مشق کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے جس سے ان کا اعتماد بڑھا اور ہنگامی صورتحال میں ردعمل کی صلاحیتوں میں نمایاں بہتری آئی۔

### محمود کوٹ ٹرمینل پر آگ بجھانے کی فرضی مشق

محمود کوٹ ٹرمینل پر آگ بجھانے کی کامیاب فرضی مشق کی گئی جس میں ٹرمینل کے تمام ملازمین نے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تیاریوں اور آپس میں رابطے کا مظاہرہ کیا۔ مشق کا مقصد ہنگامی صورتحال میں ردعمل دینے کی تیاری اور آگ پر قابو پانے کے اقدامات کی قابلیت کا جائزہ لینا تھا۔

مشق کا آغاز جی ایم ایچ ایس ای کی طرف سے جامع سیفٹی بریفنگ سے ہوا جس میں ہنگامی صورتحال کے دوران فوری اور مربوط اقدامات کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ بریفنگ کے بعد فلنگ گنٹری میں فرضی آگ لگنے کا مظاہرہ کیا گیا جہاں ایمرجنسی ریسپانس ٹیم نے فائر مانیٹرز کو فعال کیا اور فوم کے ذریعے ڈھانپنے کا عمل مکمل کیا۔ ٹیم نے موثر انداز سے تین طرفہ اسٹریٹیجی اپناتے ہوئے محفوظ انداز سے آگ کو کامیابی سے بجھایا۔

### ساہیوال ڈپو میں ڈرائیور سیفٹی میٹنگ

ایچ ایس ای ٹیم نے حال ہی میں ساہیوال ڈپو میں ڈرائیوروں کیلئے محفوظ ڈرائیونگ سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد کیا۔ ٹریننگ کا مقصد ڈرائیونگ کے محفوظ طریقوں اور ایچ ایس ای معیار پر سختی سے عمل درآمد کا جائزہ لینا تھا۔



محمود کوٹ ٹرمینل پر آگ بجھانے کی فرضی مشق

اس سیشن میں بنیادی ضوابط پر زور دیا گیا جن میں تمام مسافروں کے لیے سیٹ بیلٹ کا لازمی استعمال، ہائی ویز اور ڈپو کی حدود میں رفتار کی پابندی اور ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون کے

## GO کی طرف سے پاکستان کرکٹ بورڈ کو قابل بھروسہ توانائی کے حل کی فراہمی

go پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو GO کارڈز کے فیولنگ پارٹنر کی حیثیت سے خوش آمدید کہتا ہے۔ یہ اسٹریٹجک شراکت داری پی سی بی کے ملکی اور بین الاقوامی کرکٹ ایونٹس میں سفری اور عملی ضروریات کو موثر انداز میں معاونت فراہم کرے گی۔



چونکہ کرکٹ کی گورننگ باڈی پاکستان میں ہے اس لئے پی سی بی کو لاجسٹکس آپریشنز کو ہموار طریقے سے انجام دینے کیلئے قابل بھروسہ توانائی کا حل درکار ہے۔ شراکت داری کے ذریعے GO تسلسل کے ساتھ اعلیٰ معیار کا فیول اور توانائی کی موثر فراہمی کو یقینی بنائے گا۔

## نیسلے پاکستان کے ساتھ کیش کارڈ کی تشہیری مہم

go نے نیسلے پاکستان کے ہمراہ کامیابی کے ساتھ دوروزہ تشہیری مہم کا انعقاد کیا جہاں نیسلے کے ملازمین کیلئے GO کیش کارڈ متعارف کروایا گیا۔ اس اقدام کا مقصد ڈیجیٹل کیش لیس ادائیگی کا فروغ اور نیسلے کی افرادی قوت کے ذریعے GO کے کیش کارڈ کے صارفین کی تعداد بڑھانا ہے۔ ملازمین کو GO کے خصوصی کیش کارڈ دیئے گئے جس سے وہ نقد ادائیگی کے بغیر آسان، شفاف اور موثر طریقے سے اپنی فیول کی ضرورت کو پورا کر سکتے ہیں۔ اس سرگرمی نے نہ صرف GO کے ایک معروف کارپوریٹ کلائنٹ کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط کیا بلکہ GO کیش کارڈ کے بارے میں نمایاں آگاہی اور اس کے استعمال میں اضافہ بھی کیا جو زیادہ باسہولت اور محفوظ فیولنگ کی جانب ایک اور اہم قدم ہے۔

## پاکستان آرڈیننس فیکٹریز کے ساتھ شراکت داری



پاکستان آرڈیننس فیکٹریز وفاقی وزارت دفاعی پیداوار کے تحت سب سے بڑا دفاعی صنعتی کمپلیکس ہے جو عالمی معیار کا اسلحہ اور گولہ بارود بناتی ہے۔ GO کا فیول کارڈز کیلئے ایک سالہ ٹینڈر کے ذریعے کنٹریکٹ کا حصول اعزاز کی بات ہے۔

## سینڈک مائننگ پراجیکٹ کو فیول سپلائیز کا آغاز

go نے سینڈک مائننگ پراجیکٹ کو فیول سپلائیز کا آغاز کردیا ہے۔ سینڈک مائننگ پراجیکٹ میٹالرجیکل کارپوریشن آف چائنہ کے اشتراک سے کوہستان مائننگ کمپنی لمیٹڈ (کے ایم سی ایل) کے تحت جاری ہے۔

یہ منصوبہ پاکستان کے سب سے امید افزا صنعتی منصوبوں میں سے ایک ہے، جہاں ہائی اسپیڈ ڈیزل



کی نمایاں طلب موجود ہے تاکہ وسیع پیمانے پر مائننگ اور انفراسٹرکچر آپریشنز کو سپورٹ فراہم کی جا سکے۔ فیول سپلائی کے آغاز نے ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت اختیار کرلی ہے جس سے GO کو ملک کی معدنیات اور صنعتی ترقی میں توانائی کے ایک قابلِ اعتماد شراکت دار کے طور پر مستحکم مقام حاصل ہوا ہے۔

سیاہ ڈک، سین ڈک اور ریکوڈک مائننگ منصوبے مجموعی طور پر پاکستان کی ابھرتی ہوئی معدنی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ منصوبے ترقی، روزگار کے مواقع اور قومی معاشی استحکام کے لیے بے پناہ امکانات رکھتے ہیں۔ یہ شراکت داری GO کے اس غیر متزلزل عزم کی عکاس ہے جو وہ پاکستان کے اسٹریٹجک صنعتی شعبوں میں ترقی کے لیے توانائی فراہم کرنے کے لیے رکھتا ہے۔

## بڑے پیمانے پر فیول سپلائیز کیلئے کارپوریٹ اداروں کی GO کے بی ٹو بی ڈیجیٹل پلیٹ فارم میں شمولیت

**بیسٹ وے سیمنٹ**

پاکستان کے سب سے بڑے اور قابل بھروسہ سیمنٹ بنانے والے بیسٹ وے سیمنٹ نے بڑے پیمانے پر فیول سپلائیز (روڈٹینکر) کیلئے GO کے بی ٹو بی پلیٹ فارم میں کامیابی کے ساتھ شمولیت اختیار کی۔ یہ ڈیجیٹل انضمام فیول آرڈر مینجمنٹ اور ڈیلیوری کے عمل کو مزید موثر، تیز اور شفاف بنائے گا جس سے آپریشنز میں بہتری اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے گا۔

**پیپسی کو**


خوراک اور مشروبات کی صنعت میں عالمی لیڈر کی حیثیت رکھنے والا ادارہ پیپسی کو بھی بڑے پیمانے پر فیول سپلائیز (روڈٹینکر) کیلئے GO کے بی ٹو بی پلیٹ فارم میں شامل ہوگیا

جس سے آپریشنل روابط بہتر ہوں گے، آرڈر کی فوری ٹریکنگ ممکن ہوگی اور ٹیکنالوجی کے ذریعے قابلیت اور پائیداری کیلئے پیپسی کو کے عزم کو تقویت ملے گی۔

**فلپ مورس (پاکستان)**

فلپ مورس جو ٹوبیکو کے پیداواری شعبے میں ایک اہم ادارہ ہے، نے بھی بڑے پیمانے پر فیول سپلائیز (روڈٹینکر) کیلئے GO کے بی ٹو بی پلیٹ فارم کو جوائن کرلیا ہے جس سے پراسسنگ آسان ہوگی، بروقت ڈیلیوری میں بہتری آئے گی اور ڈیجیٹل جدت کے ذریعے ہمارے طویل مدت شراکت داری مضبوط ہوگی۔

# آئی بی اے کراچی کی جانب سے المنائی طارق کرمانی صاحب کو ایکسلینس ایوارڈ 2024 سے نوازا گیا




آئی بی اے کراچی نے المنائی ایکسلینس ایوارڈز 2024 کی میزبانی کی جس میں مختلف پیشہ ورانہ شعبوں سے وابستہ اداروں کے سابقہ طلبہ کی غیر معمولی کامیابیوں کا جشن منایا گیا۔

جن شخصیات کو اعزاز سے نوازا گیا ان میں چیئرمین گیس اینڈ آئل پاکستان لمیٹڈ (GO) اور پاکستان ریفائنری لمیٹڈ (پی آر ایل) کے چیئرمین جناب طارق کرمانی (کلاس 1968) شامل تھے جنہیں IBA Distinction Award سے نوازا گیا۔ یہ اعزاز طارق کرمانی کی

بقیہ صفحہ نمبر 7

# GO فیملی کے ہر ممبر کی قدر و منزلت



ایک پر خلوص لمحہ جس میں چیئرمین طارق کرمانی ان باصلاحیت اور مخلص افراد کے ساتھ موجود ہیں جو روزمرہ کی ذاتی معاونت اور ضروری خدمات فراہم کرتے ہیں۔ GO میں ہمارا یقین ہے کہ ہر کردار چاہے وہ فرنٹ لائن پر ہو یا ذاتی معاون عملے کا حصہ ہماری کامیابی کے لیے نہایت اہم ہے۔ یہ تصویر اس طویل المدتی وابستگی، باہمی احترام اور شمولیتی تنظیمی ثقافت کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے جو اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ہر فرد کو قدر، احترام اور پہچان حاصل ہو۔

# طلحہٰ خان گِمّی، اے سی اے، آئی کیپ اکنامک ایڈوائزری کمیٹی کے رکن مقرر



ہمیں یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ طلحہ خان گمّی، سینیئر منیجر بزنس فنانس کو آئی کیپ اکانومی ایڈوائزری کمیٹی کا رکن منتخب کیا گیا ہے۔ یہ کمیٹی وفاقی حکومت کو اہم معاشی پالیسی امور پر مشاورت فراہم کرتی ہے اور چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کے حلقے میں ایک باوقار کمیٹی شمار کی جاتی ہے۔ پندرہ سالہ متنوع تجربے کے حامل طلحہ نے اپنے کیریئر کا آغاز پی ڈبلیو سی سے کیا۔ جس کے بعد چند برس سعودی مالیاتی شعبے میں خدمات انجام دیں۔ حال ہی میں وہ امریکی نیس ڈیک میں لسٹڈ کمپنی کے ساتھ وابستہ رہے جہاں انہوں نے ملٹی ملین ڈالرز معاہدوں کے حصول میں مدد فراہم کی۔ ٹیکنالوجی سائڈ پر وہ سند یافتہ سیپ ٹیکنالوجی کنسلٹنٹ اور سند یافتہ سیپ بزنس انالسٹ ہیں۔ طلحہ کمپنی کی گورننس اور ٹرانفارمیشن اقدامات میں اپنا کردار زیادہ سے زیادہ موثر انداز میں ادا کرنے کے لیے پر عزم ہیں۔

# طلحہٰ وحید نے سینئر ڈبلز جیت لیا

طلحہٰ وحید، برانڈ ایمبیسڈر GO نے پانچویں چیئرمین پی او ایف بورڈ نیشنل رینکنگ ٹینس ٹورنامنٹ 2025 میں اپنے پارٹنر قاسم علی کے ساتھ سینئر ڈبلز کا مقابلہ جیتا۔

طلحہٰ وحید کو مہمان خصوصی پی او ایف کے ڈائریکٹر میجر جنرل محمد کاشف آزاد (ہلالِ ملٹری) کی طرف سے ٹینس میں ان کے گنیز ورلڈ ریکارڈ کے اعتراف میں خصوصی انعام بھی دیا گیا۔



# پاکستانی معیشت کو وسعت دینے سے متعلق کانفرنس میں نمائندگی

قیادت کی ہدایت پر طلحہ خان گمّی، سینیئر منیجر بزنس فنانس نے اسلامک چیمبر آف کامرس اور البرکہ بنک کے اشتراک سے میریٹ ہوٹل کراچی میں منعقدہ اسکیلنگ اپ پاکستان کانفرنس میں کمپنی کی نمائندگی کی۔ کانفرنس میں اسلامی بینکاری، گرین فنانسنگ اور حلال معیشت کے مستقبل کو نمایاں کیا گیا جبکہ پائیدار فنڈنگ اور اخلاقی تجارت کے مواقعوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ البرکہ بینک کے سی ای او عاطف حنیف اور گروپ ہیڈ فرخ اسلم نے طلحہٰ کی شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا اور مستقبل میں تعاون برقرار رکھنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ ساتھ ہی مستقبل قریب میں اپنے لاہور ہیڈ آفس کے دورے کی منصوبہ بندی بھی کی۔



گیس اینڈ آئل پاکستان لمیٹڈ کا شائع کردہ دوماہی شمارہ

# go in action

شمارہ 5 | ستمبر - اکتوبر 2025ء - LVII

## اس شمارے میں :


- آئی بی اے کراچی کی جانب سے المنائی طارق کرمانی صاحب کو ایکسلینس ایوارڈ 2024 سے نوازا گیا 11
- GO فیملی کے ہر ممبر کی قدرومنزلت 11
- طلحہٰ خان گمّی، اے سی اے، آئی کیپ اکنامک ایڈوائزری کمیٹی کے رکن مقرر 11
- طلحہٰ وحید نے سینئرڈبلز جیت لیا 11
- پاکستانی معیشت کو وسعت دینے سے متعلق کانفرنس میں نمائندگی 11
- GO کی طرف سے پاکستان کرکٹ بورڈ کو قابل بھروسہ توانائی کے حل کی فراہمی 10
- نیسلے پاکستان کے ساتھ کیش کارڈ کی تشہیری مہم 10
- پاکستان آرڈیننس فیکٹریز کے ساتھ شراکت داری 10
- سینڈک مائننگ پراجیکٹ کو فیول سپلائیز کا آغاز 10
- بڑے پیمانے پر فیول سپلائیز کیلئے کارپوریٹ اداروں کی GO کے بی ٹو بی ڈیجیٹل پلیٹ فارم میں شمولیت 10
- پیشہ ورانہ حفاظت اور اعلیٰ کارکردگی کیلئے GO کا عزم 9
- فاطمہ گروپ کو فیول کارڈ کی فراہمی 8
- خیبر پختونخوا اور سندھ میں پانی کی دستیابی کے منصوبوں کی قیادت 7
- نئی تقرریاں اور علیحدگیاں 7





ہر موٹر پر طاقت، ہر انجن کی حفاظت، منتخب کریں GO Extreme
کیوں کہ مشکل سفر کے لیے مضبوط تیل ضروری ہے۔


## سیلز اینڈ مارکیٹنگ

# COCO نیٹ ورک کی جانب سے پریمیم فیول کی ریکارڈ مقدار کی ترسیل۔ موثر فروخت

کمپنی کی زیر ملکیت اور زیر انتظام نیٹ ورک میں فروخت کی موثر حکمت عملی کے ذریعے ستمبر 2025 میں پریمیم فیول کی فروخت اب تک کی سب سے زیادہ یعنی 4,547,000 لیٹر ریکارڈ کی گئی ۔ یہ ایک شاندار کامیابی ہے جو فورکورٹ عملے اور اسٹیشن انتظامیہ کی جانفشانی اور محنت سے ممکن ہوئی ہے۔ فورکورٹ عملے نے صارفین کو پریمیم فیول کے فوائد، ان کی بہترین کارکردگی کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی جس سے صارفین GO کے پریمیم فیول خریدنے کی طرف مائل ہوئے ۔ اسٹیشن مینجر نے اے ایم COCO کے ساتھ مل کر فورکوٹ عملے کے اراکین کی مسلسل تربیت کی اور اُن کی حوصلہ افزائی کی ۔ ہمارے ہیروز کیلئے زبردست خراج تحسین ۔ آپریشنز، سپلائی، لاجسٹکس، نیٹ ورک معیار نے بھرپور معاونت کرتے ہوئے اس کامیابی کے حصول کی راہ ہموار کی ۔

---

# دس لاکھ لیٹر۔ ایک تاریخی سنگ میل




COCO نیٹ ورک نے چوبیس گھنٹوں میں دس لاکھ سے زائد لیٹرز پیٹرول کی ترسیل کر کے تاریخی کامیابی حاصل کی جو پاکستان میں پہلے COCO پیٹرول پمپ کے آغاز سے اب تک کا ریکارڈ ساز لمحہ ہے۔ یہ کامیابی COCO نیٹ ورک کی توسیع کے ہمارے سفر میں ایک بڑا قدم ہے اور صارفین کی طرف سے ہم پر اعتماد اور بھروسے کا اظہار ہے۔

یہ تاریخی کامیابی ہماری اگلی صفوں میں کام کرنے والے، فورکورٹ عملے، اسٹیشن مینیجرز اور ان کی متعلقہ ٹیموں کی انتھک کاوشوں اور عزم کا نتیجہ ہے۔ اس خواب کو حقیقیت کا روپ دینے کیلئے ہم سیلز اینڈ مارکیٹنگ ٹیم، سپلائی، آپریشنز، لاجسٹکس، ایچ آر، آر ڈی، انجیئر نگ ٹیم کے مشکور ہیں۔ COCO ٹیم، لیڈرشپ ٹیم کے اعتماد، مسلسل فیڈ بیک اور معاونت کیلئے ان کے قرض دار ہیں جس نے اس ناممکن کو ممکن کرنے میں ہمیں حوصلہ دیا۔

Designed and Produced by CMC (Pvt) Ltd.

گیس اینڈ آئل پاکستان لمیٹڈ
**کارپوریٹ آفس:** 23-T ، گلبرگ II، لاہور، پاکستان۔ UAN : (+92 42) 111 46 46 46
**کراچی ریجنل آفس:** 209، دوسری منزل، پارک ٹاور، کلفٹن، کراچی، پاکستان۔ ٹیلیفون: 4 -35290201 (21 92+)
**ملتان ریجنل آفس:** H-5، فیصل اسٹریٹ، نزد گلزار ہسپتال، بوسن روڈ، ملتان، پاکستان۔ ٹیلیفون: 6218821 (61 92+) *www.gno.com.pk*
مزید معلومات کے لئے ہمیں لکھیے : salman.fazli@gno.com.pk